© rasailojaraid.com

# وفیات

## ڈاکٹر افضال حسین قادری

ملک کے مایہ ناز سائنسدان ، کراچی یونیورسٹی کے پروفیسر امیریٹس ، ڈاکٹر افضال حسین قادری کی وفات سے پاکستان ، ایک بین الاقوامی شہرت کی مالک شخصیت سے محروم ہوگیا ، انا للہ و انا الیہ راجعون ،

ڈاکٹر افضال حسین قادری تقسیم کے بعد سے کراچی یونیورسٹی سے وابستہ رہے ، ایک عرصہ دراز تک سائنس فیکلٹی کے ڈین اور شعبہ حیوانات و حیاتیات کے صدر رہے ۔ ریٹائرڈ ہونے کے بعد آپ کی خدمات پروفیسر امیریٹس کی حیثیت سے یونیورسٹی نے دوبارہ حاصل کر لی ۔

ڈاکٹر قادری جامعہ کراچی میں صرف سائنس کے شعبوں کے مؤسسین ہی میں سے نہیں تھے ، بلکہ منجملہ دیگر علمی مصروفیات کے آپ کی خاص توجہ اور انتھک کوششوں سے دیگر شعبوں کو نیز پاکستان سائنس کانفرنس کے بین الاقوامی و ملکی جلسوں کو بڑا فروغ حاصل ہوا ۔

جامعہ سے دوبارہ وابستگی کے بعد آپ مسلمانوں کی علمی اور سائنسی تاریخ کی ترتیب میں مصروف تھے ۔ آپ نے از منہ وسطی کے متعدد حکماء و فلاسفہ کے عربی کارناموں کا بغایر مطالعہ کیا تھا ، ابن الہیثم ، قطب الدین شیرازی ، ابو ریحان البیرونی نیز قزوینی کی تالیفات سے آپ کو خاص شغف تھا ۔

۲ دسمبر یوم جمعہ مطابق ۲۱ ذیقعدہ ۱۳۹۳ھ کی صبح کو حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے آپ دنیائے فانی سے دارالبقاء کی طرف کوچ کر گئے ، اور دنیا و ملک کے علمی حلقوں کو سوگوار چھوڑ گئے ۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے ، اور سارے لواحقین کو صبر کی توفیق بخشے ۔ ان کے بے شمار تلامذہ اندرون و بیرون ملک موجود ہیں ، اللہ تعالی ان کو مرحوم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے ۔

© rasailojaraid.com